SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

January 6, 2025

SECP Introduces Regulatory Framework for Investment Plans to Facilitate the Mutual Fund Industry

ISLAMABAD, January 6: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has further strengthened the regulatory framework for the mutual fund industry by specifying detailed requirements for "Investment Plans." This initiative builds upon the enabling provisions previously introduced via amendments to the Non-Banking Finance Companies and Notified Entities Regulations, 2008 (NBFC Regulations). The framework aims to enhance governance, streamline operations, and ensure secure investment horizons, thus fostering retail penetration in the mutual fund industry.

The new requirements have been developed after extensive consultation with stakeholders, including the Mutual Funds Association of Pakistan (MUFAP), to align with best practices and ensure compliance with defined principles.

These requirements specify the eligible categories of Collective Investment Schemes (CIS) under which Asset Management Companies (AMCs) can offer Investment Plans, including Fund of Funds, Fixed Rate/Return, Sovereign Income, Asset Allocation Schemes, Capital Protected and Exchange Traded Funds.

Operational requirements provide clear guidelines on the maximum number of Investment Plans, their duration, exposure limits, investment restrictions, and performance benchmarks. To promote transparency, the framework mandates specific disclosures for Fund of Fund CIS and additional risk information. Furthermore, the framework also obligates the AMCs for issuance of a separate Investment Plan report within the Fund Manager Report (FMR). It also outlines essential offering guidelines, including subscription timelines and NAV announcements, and establishes detailed provisions for Total Expense Ratio, formation costs, and other charges.

By requiring comprehensive disclosures and instituting structured operational protocols, the framework seeks to provide protection for investors. These measures reinforce the SECP's commitment to fostering a transparent, efficient, and investor-friendly environment in the mutual fund industry.

The SECP remains committed to fostering a conducive environment for the mutual fund industry, promoting ease of doing business, and broadening access to innovative and regulated financial products.

ایس ای سی پی نے میوچل فنڈ انڈسٹری کے فروغ کے لیے سرمایہ کاری منصوبوں کے لیے ایک ریگولیٹری فریم ورک متعارف کروادیا۔

اسلام آباد، 6 جنوری: ایس ای سی پی نے سرمایہ کاری کے شعبے میں شفافیت کو فروغ دینے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مزید مستحکم کرنے کے لیے میوچل فنڈز کے تحت پیش کیے جانے والے "سرمایہ کاری منصوبوں" کے لیے جامع رہنما اصول متعارف کروائے ہیں۔ یہ اقدام 2008 کے نان بینکنگ فنانس کمپنیز اور نوٹیفائیڈ اینٹٹیز ریگولیشنز (NBFC Regulations) میں کی گئی ترامیم کے ذریعے متعارف کرائی گئی سہولیات پر مبنی ہے۔ اس فریم ورک کا مقصد گورننس کو بہتر بنانا، آپریشنز کو منظم کرنا، اور سرمایہ کاری کے لیے محفوظ افق فراہم کرنا ہے، جس کے نتیجے میں میوچل فنڈ انڈسٹری میں عوامی شمولیت کو فروغ ملے گا۔

نئے تقاضے وسیع مشاورت کے بعد تیار کیے گئے ہیں، جس میں میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان (MUFAP) سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز کو شامل کیا گیا۔ یہ تقاضے ان کلیکٹیو انویسٹمنٹ اسکیمز (CIS) کی اہل اقسام کی وضاحت کرتے ہیں جن کے تحت ایسٹ مینجمنٹ کمپنیاں (AMCs) سرمایہ کاری منصوبے پیش کر سکتی ہیں۔

آپریشنل تقاضے سرمایہ کاری منصوبوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد، ان کی مدت، ایکسپوژر حدود، سرمایہ کاری کی پابندیوں، اور کارکردگی کے بینچ مارکس پر واضح رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ شفافیت کو فروغ دینے کے لیے، فریم ورک میں فنڈ آف فنڈ کلیکٹیو انویسٹمنٹ اسکیمز (CIS) کے لیے مخصوص انکشافات اور اضافی خطرات سے متعلق معلومات کی فراہمی کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس میں سرمایہ کاری منصوبوں کی پیشکش کے اہم رہنما اصول بھی شامل ہیں، جن میں سبسکرپشن کی مدت، نیٹ ایسیٹ ویلیو (NAV) کے اعلانات، اور دیگر متعلقہ معلومات شامل ہیں۔

فریم ورک میں کل اخراجات کے تناسب (Total Expense Ratio)، تشکیل کے اخراجات، اور دیگر چارجز کے لیے بھی تفصیلی ضوابط وضع کیے گئے ہیں تاکہ سرمایہ کاروں کے لیے مکمل شفافیت اور لاگت کا واضح حساب فراہم کیا جا سکے۔

جامع انکشافات کو لازم قرار دینے اور منظم آپریشنل پروٹوکولز متعارف کروانے کے ذریعے، یہ فریم ورک سرمایہ کاروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ اقدامات ایس ای سی پی کے اس عزم کو مضبوط کرتے ہیں جو میوچل فنڈ انڈسٹری میں ایک شفاف، مؤثر، اور سرمایہ کار دوست ماحول کے فروغ کے لیے کیا گیا ہے۔

ایس ای سی پی میوچل فنڈ انڈسٹری کے لیے ایک سازگار ماحول پیدا کرنے، کاروبار میں آسانیاں فراہم کرنے، اور جدید و منظم مالیاتی مصنوعات تک رسائی کو وسیع کرنے کے عزم پر قائم ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005